© rasailojaraid.com

نہیں ہے، اور گذشتہ خاص نمبروں کی طرح بھرنوع کامیاب ہے۔

آج کل برتھ کنٹرول کا مسئلہ نہ صرف ہندوستان بلکہ تمام مشرق ومغرب کا اہم بین الاقوامی مسئلہ بنا ہوا ہے۔ اور اس کے جواز وعدم جواز اور اس کی عملی تدابیر وغیرہ سے متعلق انگریزی اخبارات ورسائل میں بحثیں ہوتی رہتی ہیں۔ ہمدرد صحت کے اس خاص نمبر میں مشرق ومغرب کے تمام مختلف نظریات وافکار واضح دلائل وبراہین کے ساتھ یکجا کردیے گئے ہیں اور عملی تدابیر پر بھی مسبوط بحثیں کی گئی ہیں۔ برتھ کنٹرول کی تاریخ کے سلسلہ میں کئی ایک مفید وپراز معلومات مقالات ہیں۔ مذہبی پہلو کو بھی نمایاں کیا گیا ہے۔ مشرق ومغرب کے مشاہیر علم وادب کی آرا کا خلاصہ بھی شائع کیا گیا ہے۔ چند مضامین اعضاء انسانی کی تشریح پر نہایت کامیاب اور محققانہ ہیں۔ پھر آخر میں خشک علمی وفنی مضامین کی خشکی کو دور کرنے کے لیے ایک مستقل باب کے ماتحت ادبی افسانے اور نظمیں درج کی گئی ہیں جو سب کے سب برتھ کنٹرول سے متعلق ہیں۔ قیمت ان سب خوبیوں کے باوجود بہت کم یعنی عہ رسالہ میں ہمدرد صحت کے گیارہ پرچے اور یہ خاص نمبر دونوں دستیاب ہوسکتے ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ ملک اس رسالہ کی قدر کرکے حکیم عبدالحمید صاحب کی محنت وکاوش اور انکی طبی خدمات کی بجا طور پر داد دیگا۔

سیرت بتول - از مولوی اعجاز الحق صاحب قدوسی تقطیع ۲۰×۳۰/۱۶ صفحات ۶۴۔ طباعت کتابت عمدہ کاغذ چکنا اور سفید قیمت ۶ر ملنے کا پتہ: سلیم اختر قدوسی نامپلی جدید مکان نمبر ۱۰۱ ملال ٹیکری حیدرآباد دکن۔

اس رسالہ میں سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کے سوانح حیات سلیس وعام فہم زبان میں لکھے گئے ہیں آخر میں حضرت فاطمہ کی فضیلتوں کا ایک باب ہے، واقعات سب صحیح اور مستند ہیں۔ مسلمان عورتوں اور بچوں کے لیے خصوصیت سے اس کتاب کا مطالعہ مفید ہوگا۔

© rasailojaraid.com